معراجِ مومن

(تعلیم نماز)

www.KitaboSunnat.com

— مُرتّب —

فاروق اصغر صارم

مُبتعث رئاسة البحوث العلمية والافتاء
والدعوة والارشاد (ریاض)

الجامعة الاسلامیة — بند روڈ — لاہور

ناشر

محمد سعید نظامی — ۱۹ — دار السلام گوجرانوالہ، فون نمبر ۷۲۳۴۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

الله و محمد ﷺ

معراجِ مؤمن

(تعلیمِ نماز)

www.kitabosunnat.com

مُرتّب

فاروق اَصغر صارم

مبتعث رئاسة البحوث العلمية والافتاء

والدعوة والارشاد ——— (ریاض)

ناشر

فون ۲۲۲۶۵

محمدؐ سعید نظامی ۱۹۔ دار السلام گوجرانوالہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب ــــــــــــ معراجِ مومن

نام مرتب ــــــــــــ فاروق اصغر صارم

مطبع ــــــــــــ شرکت پرنٹنگ پریس لاہور

کتابت ــــــــــــ محمد مصدق انصاری

218.98

المکتبۃ الرحمانیۃ

۹۹ - بی ماڈل ٹاؤن - لاہور

نمبر ....

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جھلک

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱	ابتدائیہ	۵
۲	اذان	۱۰
۳	کلمات اذان	۱۱
۴	آداب اذان	۱۳
۵	اذان کی دُعا	۱۴
۶	مسجد کے آداب اور فائدے	۱۵
۷	غسل کا طریقہ	۱۸
۸	وضو	۲۰
۹	وضو کی دعائیں	۲۰
۱۰	وضو کا طریقہ	۲۱
۱۱	جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے	۲۴
۱۲	اقامت اور اس کے ضروری مسائل	۲۴
۱۳	مسنون نماز کی تفصیل	۲۵
۱۴	دعائے افتتاح	۲۷
۱۵	سورۃ فاتحہ اور اس کی اہمیت	۳۰
۱۶	مسئلہ آمین	۳۳
۱۷	رکوع	۳۸
۱۸	قومہ	۴۱
۱۹	سجدہ	۴۲
۲۰	آخری تشہد کی دعائیں	۵۰
۲۱	نماز کے بعد کی دعائیں	۵۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ	نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۲۲	نمازِ وتر	۵۳	۲۷	نمازِ جنازہ	۶۱
۲۳	دُعائے قنوت	۵۶	۲۸	نابالغ بچے کے لئے دُعا	۶۳
۲۴	سجدۂ تلاوت کی دُعا	۵۸			
۲۵	نمازِ قصر کا بیان	۵۹			
۲۶	عید کے مسائل	۶۰			

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابتدائیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ——————— حامداً ومصلیاً

نماز اسلام کا ایک اہم رکن ہے جو خیر و برکت اور راحت و اطمینان کا سرچشمہ ہے۔ اس لئے کہ نماز ذکرِ الٰہی کا مجموعہ ہے اور ذکرِ الٰہی سے دلوں کو اطمینان اور سکون ملتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے:

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (ذکرِ خدا سے دل مطمئن ہوتے ہیں)

اس فرمانِ خداوندی سے واضح ہوتا ہے کہ نماز رُوح کی غذا ہے اور جسمانی غذا کی طرح اس کی بھی شدید ضرورت ہے اس لئے کہ جس طرح جسم کے لئے بقا و توانائی مقصود ہے اسی طرح رُوح کیلئے بھی بقا و توانائی کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ مقصود غذا سے نہیں بلکہ نماز سے حاصل ہوگا۔

★ جس طرح جسمانی غذا کے اوقات کی تقسیم اللہ تعالےٰ نے خود فرمائی ہے اسی طرح روحانی غذا کے لئے پانچ اوقات کی تعیین کی ہے۔

★ جسمانی غذا کی طرح روحانی غذا بھی بار بار کھانے کی ضرورت ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

★ جس طرح جسمانی غذا کے نہ ملنے سے جسم کمزور ہو جاتا ہے۔ اسی طرح روحانی غذا (نماز) کے نہ ملنے سے انسانی روح بھی کمزور ہو جاتی ہے۔

★ جس طرح جسمانی غذا کے کھانے کے بعد تسکین ہوتی ہے۔ اسی طرح روحانی غذا (نماز) کے بعد بھی دل کو سکون ملتا ہے۔

نماز کی اہمیت کا اندازہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان سے بھی کر لیجئے! جس میں آپؐ نے فرمایا ہے کہ مومن اور کافر میں امتیاز پیدا کرنے والی چیز نماز ہے۔

جب ہم قرآن مجید کا مطالعہ کرتے ہیں تو نماز کی اس قدر تلقین و تاکید ملتی ہے کہ اس فریضہ کو چھوڑنا تو کجا، اس کے بارے میں سستی و کاہلی کی بھی گنجائش نہیں رہتی۔ چنانچہ قرآنی صفات المومنین کے تذکرہ میں یہ نہیں کہا گیا کہ وہ نماز پڑھتے ہیں بلکہ فرمایا گیا ہے کہ وہ پابندی سے نماز قائم کرتے ہیں اور لفظِ اقامت اپنے دامنِ وسعت میں جو تقاضے رکھتا ہے وہ یہ ہیں کہ :-

◉ نماز خلوصِ نیت اور صرف رضائے الٰہی کیلئے پڑھی جائے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- نماز باجماعت ادا کی جائے تاکہ ستائیس نمازوں کا ثواب ملے۔
- نماز سنتِ نبوی کے مطابق ادا کی جائے اور کمی بیشی نہ ہو۔
- نماز کے اوقات کا خصوصاً لحاظ رکھا جائے۔
- نماز پر مداومت اور پابندی کی جائے۔
- نماز میں اس حد تک خشوع و خضوع ہو کہ دل و دماغ میں صرف خدا تعالیٰ ہی کا تصور رہو۔

جہاں تک نماز میں خشوع و خضوع کی کیفیت اور اس کی خیر و برکت اور اس میں لذت و راحت کو حاصل کرنے کا تعلق ہے۔ یہ چیزیں اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتیں جب تک نماز میں پڑھے جانے والے کلمات کا ترجمہ اور مفہوم نہ آتا ہو کیونکہ جس شخص کو معلوم ہی نہ ہو کہ وہ اپنے خالقِ حقیقی سے کیا گفتگو کر رہا ہے اور کون سی درخواست پیش کر رہا ہے تو اس پر ان کلمات کا کیا اثر ہوگا لیکن اس کے برعکس جو شخص نماز کا ترجمہ جانتا ہو اور ہر کلمے کے مفہوم سے واقف ہو تو یقیناً اس کے ظاہر و باطن کی وہی کیفیت ہوگی جس کا کلمات تقاضا کریں گے۔

اسی ضرورت کے پیشِ نظر یہ کتاب " معراجِ مومن " لکھی گئی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تاکہ جو لوگ عربی زبان سے نا آشنا ہیں، اس کی مدد سے نماز کا ترجمہ سیکھ لیں۔

میں نے اس کتاب میں عربی عبارات کے لفظی ترجمہ کے ساتھ ساتھ با محاورہ ترجمہ بھی کر دیا ہے اور لفظی ترجمہ میں اس چیز کا خصوصاً لحاظ رکھا ہے کہ ہر لفظ کا ترجمہ بالکل اس کے نیچے لکھا جائے تاکہ قاری فوراً سمجھ جائے کہ اس لفظ کا یہ معنیٰ ہے اور عبارت کا مجموعی مفہوم سمجھنے کے لئے "مطلب" کے عنوان سے با محاورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔

اس کتاب میں جو کچھ جمع کیا گیا ہے وہ صرف کتاب اللہ اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ماخوذ ہے اور احتیاط کے باوجود اگر کوئی فروگذاشت مجھ سے سرزد ہو گئی ہو تو میں اللہ تعالیٰ کے حضور معافی مانگتے ہوئے اہل علم سے عرض کرتا ہوں کہ وہ مجھے اس سے مطلع فرما کر اصلاح کا موقع دیں۔

آخر میں میں اس رسالہ کے ناشر جناب محمد سعید نظامی صاحب (۱۹۔ دار السلام۔ گوجرانوالہ) کا بھی شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتا جنہوں نے اسے کتابت و طباعت کے تمام مراحل سے گذار کر پایۂ تکمیل تک

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہنچایا۔ اللہ تعالٰے معاونین کی اس نیکی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ خدمتِ اسلام کی توفیق بخشے۔ اور خدا کرے کہ اس کتاب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوں۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

بندۂ آثم:

فاروق اصغر صارم

جامعہ اسلامیہ۔ بند روڈ۔ لاہور

لو الحر الزاہد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اذان

اذان کے لغوی معنیٰ "اطلاع دینا" اور "خبردار کرنا ہے۔" لیکن شریعت کی اصطلاح میں اذان کے یہ معنیٰ ہیں کہ لوگوں کو اس بات کی اطلاع دینا کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے۔

نماز ہجرت سے ایک سال قبل (معراج کے وقت) فرض ہوئی۔ لیکن باجماعت نماز کا اہتمام مدینہ میں ہی کیا گیا۔ چنانچہ اس دوران ایک مجلس میں اس موضوع پر گفتگو کی گئی کہ مسلمانوں کو نماز کے لئے کیسے جمع کیا جائے۔ اثنائے بحث میں مندرجہ ذیل تجاویز سامنے آئیں۔

۱۔ مجوس کی طرح آگ جلائی جائے۔

۲۔ یہود کی طرح سنکھ بجایا جائے۔

۳۔ عیسائیوں کی طرح گھنٹی بجائی جائے۔

لیکن ان تجاویز کو اس لیے مسترد کر دیا گیا کہ اسمیں غیر مسلم قوموں کی نقالی تھی جو کہ کسی زندہ قوم کے لئے موت کے مترادف ہے۔ چنانچہ بغیر کسی فیصلے کے مجلس ختم ہو گئی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس دوران عبداللہ بن زیدؓ۔ حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہؓ کو خواب آئے جس میں کسی نے اذان واقامت کے الفاظ سنائے۔ ہر ایک نے اپنا اپنا خواب آپؐ کو بتایا۔ آپؐ نے اس طریقے کو پسند فرمایا اور حضرت بلالؓ کو اذان سکھانے کے لئے کہا۔ ابن ہشامؒ کی ایک روایت ہے کہ آپؐ کو بھی بذریعہ وحی اذان سکھائی گئی تھی۔

اذان اسلام کے شعائر میں سے ہے جو کہ ہر نماز کے لئے ضروری ہے اور اس کی فضیلت بیان کرتے ہوئے آپؐ نے فرمایا کہ :-

۱۔ اذان دینے والے کی گردن قیامت کے دن لمبی ہوگی یعنی اس کا سر فخر سے بلند ہوگا (مسلم)

۲۔ جو چیز بھی اذان سنتی ہے وہ مؤذن کے لئے بخشش مانگتی ہے۔ (بخاری)

۳۔ جو شخص سات سال اور ایک روایت میں ہے۔ بارہ سال (رضائے الٰہی کے لئے) اذان دے گا وہ جنتی ہے (ترمذی، بیہقی)

کلماتِ اذان

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ ط	اَللّٰہُ اَکۡبَرُ ط
اللہ بہت بڑا ہے۔	اللہ بہت بڑا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔

اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر

اَللّٰہُ (دو بار) اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

اللہ تعالےٰ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمدؐ

رَسُوْلُ اللّٰہِ (دو بار) حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

پیغمبر ہیں خدا تعالےٰ کے آؤ واسطے نماز کے

(دو بار) حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ (دو بار) اَللّٰہُ

آؤ واسطے نجات کے اللہ

اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ

بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ نہیں کوئی معبود

اِلَّا اللّٰہُ

مگر خدا تعالےٰ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتب

www.KitaboSunnat.com

آدابِ اذان

۱۔ اذان باوضو کہنا بہتر اور افضل ہے۔ کیونکہ یہ بھی ایک عبادت ہے۔

۲۔ اذان کے دوران رُخ قبلہ کی طرف ہونا چاہیئے۔

۳۔ اذان طاقت کے مطابق بلند آواز سے کہنی چاہیئے۔

۴۔ مؤذّن کا خوش الحان ہونا بہتر ہے۔

ضروری مسائل

- حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ کہتے وقت دائیں جانب اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہتے وقت بائیں جانب مُنہ پھیرنا مسنون ہے۔
- شہادت کی انگلیاں (انگوٹھے کے ساتھ والی) کانوں میں رکھنی چاہئیں۔ (ابن ماجہ)
- اذان لمبی اور اقامت جلدی جلدی کہنی چاہیئے۔
- نمازِ فجر کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (دوبار) کہنا چاہیئے۔ (موطا)
- اذان دوہری بھی کہی جا سکتی ہے۔ آپ نے ابو محذورہؓ کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسری اذان سکھائی تھی۔ (ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی)

- موذن جو کلمہ کہے، سننے والا بعینہٖ اسے دہرائے۔ البتہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں یہ کلمہ کہے: لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
- اذان ختم ہو جائے تو درود شریف کے بعد یہ دعا پڑھیے:

اذان کی دعا

اَللّٰھُمَّ	رَبَّ	ھٰذِہِ	الدَّعْوَۃِ	التَّامَّۃِ
اے اللہ	اے رب	اس	دعوت	کامل کے

وَ	الصَّلٰوۃِ	الْقَائِمَۃِ	اٰتِ	مُحَمَّدَانِ
اور	نماز	قائم رہنے والی کے	عطا کر	محمدؐ کو

الْوَسِیْلَۃَ	وَ	الْفَضِیْلَۃَ	وَ	ابْعَثْہُ
وسیلہ	اور	بزرگی	اور	پہنچا ان کو

مَقَامًا	مَّحْمُوْدَانِ	الَّذِیْ	وَعَدْتَّہٗ (بخاری)
مقام	محمود میں	جس کا	وعدہ کیا ہے تو نے ان سے

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (بیہقی)

بے شک تو نہیں خلاف ورزی کرتا اپنے وعدے کی۔

مطلب

یعنی اے اللہ! اس کامل دعوت اور تا قیامت قائم رہنے والی نماز کے مالک! ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو وسیلہ (جنت کے بلند درجات) اور (مزید) شان اور بزرگی عطا فرما۔ اور آپؐ کو اُس مقامِ محمود سے سرفراز کر دے جس کا تُو نے آپؐ سے وعدہ فرمایا ہے۔ بے شک تیری طرف سے وعدہ خلافی نہیں ہوتی

بشارت: حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا جو (اذان کے بعد) یہ (مذکورہ) دُعا پڑھے گا۔ قیامت کے دِن مَیں اُس کی ضرور شفاعت کروں گا۔ (بخاری شریف)

مسجد کے آداب اور فائدے

اسلام کی اصطلاح میں مسجد اس جگہ کا نام ہے۔ جہاں مُسلمان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکٹھے ہو کر پانچ وقت نماز ادا کرتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مدینہ میں آکر پہلے مسجد قبا اور پھر وہ مسجد بنائی جسے مسجد نبویؐ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ لوگوں کی سہولت کے لئے مدینہ کے اِرد گرد مسجدیں تعمیر کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضرت انسؓ بن مالک اور حضرت معاذؓ بن جبل آپؐ کے پیچھے نماز پڑھ کر اپنے اپنے محلہ میں نماز پڑھایا کرتے تھے۔

مسجد کی افادیت پر غور کرنے سے مندرجہ ذیل امور سامنے آتے ہیں:۔

۱۔ ذکرِ خدا کے لئے مسجد سے بڑھ کر کوئی جگہ مناسب اور بہتر نہیں

۲۔ درسِ مساوات کے لئے مسجد ہی ہے جس میں امیر و غریب، کالا اور گورا ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے ہیں۔ اقبالؒ نے خوب کہا ہے ؎

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز

۳۔ جب مسلمان ایک وقت میں ایک ہی جگہ پر اور ایک ہی امام کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں تو نظم و ضبط کی تعلیم ملتی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ مسجد میں آکر ذکرِ خدا اور اہلِ علم کے وعظ و نصیحت سے اخلاقی اور روحانی تربیت ہوتی ہے۔

۵۔ مسجد میں آکر دوسرے مسلمانوں کے حالات کا پتہ چلتا ہے۔ جس سے ہمدردی اور تعاون کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

۶۔ مسجد میں آکر وضو کرنے اور پاکیزہ ماحول میسر آنے سے صفائی اور پاکیزگی کی تعلیم ملتی ہے۔

۷۔ مسجد میں پانچ وقت آنے سے " پابندئ وقت " کا درس ملتا ہے۔

۸۔ مسجد دینِ اسلام کی اشاعت و ترقی کا بہترین کام دیتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، مسجدیں جنت کے باغ ہیں۔ اس لحاظ سے مسجد کی شان و عظمت کا ہر وقت خیال رکھنا چاہیے۔ اور اس مقصد کے لئے ہم آدابِ مسجد کے سلسلے میں چند باتیں پیش کرتے ہیں۔

۱۔ مسجد کو پاک صاف رکھنے والا جنتی ہے۔ (ترمذی)

۲۔ مسجد میں کوئی بدبودار چیز نہیں رکھنی چاہیے اور نہ ہی ایسی چیز کھا کر مسجد میں آنا چاہیئے۔ (نسائیؒ)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ مسجد سے باہر گم ہونے والی چیز کا اعلان مسجد میں کروانا منع ہے (مسلم)

۴۔ مسجد میں خرید وفروخت کرنا سخت منع ہے۔ (ابوداؤد)

۵۔ گندے اشعار پڑھنا یا شور کرنا مسجد کی توہین ہے۔ (ابوداؤد)

۶۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں قدم رکھیں اور یہ دعا پڑھیں

اَللّٰهُمَّ	افْتَحْ	لِیْ	اَبْوَابَ	رَحْمَتِكَ
اے اللہ	کھول دے	میرے لئے	دروازے	اپنی رحمت کے (مسلم)

۷۔ مسجد سے نکلتے وقت بایاں قدم باہر رکھیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ	اَسْئَلُكَ	مِنْ	فَضْلِكَ
اے اللہ	بے شک میں	مانگتا ہوں تجھ	سے	تیرا فضل (مسلم)

غسل کا طریقہ

غسل کرنے سے پہلے نجاست اور پلیدی کو صاف کیا جائے۔ پھر دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک دھو کر اس طرح وضو کریں جس طرح نماز کے لئے وضو کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سر کے بالوں کو اچھی طرح دھوئیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حتیٰ کہ پانی بالوں کی جڑوں تک پہنچ جائے ۔ پھر آہستہ آہستہ اپنے تمام جسم پر پانی ڈالیں ۔ واضح رہے کہ غسل کرنے کے بعد اچھی طرح دیکھ لیا جائے کہ کوئی جگہ خشک تو نہیں رہ گئی ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا " مَنْ تَرَكَ مَوْضِعَ شَعْرَةٍ مِّنْ جَنَابَةٍ لَمْ يَغْسِلْهَا فُعِلَ بِهَا كَذَا وَكَذَا مِنَ النَّارِ " (ابوداود، دارمی)

ترجمہ : جس نے غسلِ جنابت میں بال کے برابر جگہ بھی دھوئے بغیر چھوڑ دی تو اس کو ایسا اور ایسا عذاب کیا جائے گا (یعنی سخت عذاب ہوگا)

- جنبی آدمی اور حائضہ عورت مسجد میں داخل نہیں ہو سکتے ۔
- جنبی آدمی اور حائضہ عورت قرآن شریف نہ پڑھیں ۔ ٥
- جنبی آدمی نماز نہ پڑھے اور حیض والی عورت نماز اور روزہ نہ رکھے ۔
- جنبی آدمی وضو کرکے کھانا وغیرہ کھا سکتا ہے ۔ نیز سحری کا وقت تنگ ہو تو کھانا کھالے اور بعد میں غسل کرلے ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وضو

اسلامی شریعت میں وضو اس عمل کو کہتے ہیں کہ نماز سے پہلے ہاتھ، منہ اور قدموں کو اس خاص طریقہ و ترتیب سے دھویا جائے جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کر کے دکھایا ہے۔

وضو کی اہمیت حضرت جابرؓ کی حدیث سے واضح ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز جنت کی چابی ہے اور نماز کی چابی وضو ہے۔ نیز حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لَاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَاَّ وُضُوْءَ لَہٗ یعنی جس کا وضو نہیں اس کی نماز قبول ہی نہیں۔

وضو سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
(شروع کرتا ہوں) ساتھ نام اللہ تعالیٰ کے (جو) بہت مہربان رحم کرنے والا ہے۔
وضو کرنے کے بعد کی دعا : کلمہ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھو!
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ
اے خدا شامل کر مجھ کو (ان) لوگوں میں (جو) بہت توبہ کرتے ہیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتب

www.KitaboSunnat.com

وَ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ۔

اور شامل کر دے مجھ کو (اُن) میں (جو) پاک رہنے والے ہیں ۔

آپ نے فرمایا ۔ جو وضو کر کے یہ الفاظ کہے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس دروازے سے چاہے گا جنت میں داخل ہو جائے گا ۔ (ترمذی)

وضو کا طریقہ

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ وضو کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا چاہیے ۔ کیونکہ وضو ایک عبادت ہے اور ہر عبادت کا آغاز خدا تعالیٰ کے نام سے ہونا چاہیئے ۔ نیز حدیث کی رو سے بھی بہت تاکید ہے ۔ پھر اپنے ہاتھوں کو پہنچوں تک تین بار دھوئیں اس کے بعد ایک چلّو لے کر آدھے سے کلی کریں اور آدھا ناک میں ڈالیں، اسی طرح تین بار کریں ۔ دوسرا طریقہ یہ بھی ہے کہ پہلے تین دفعہ کلی کریں اور پھر تین دفعہ ناک میں پانی ڈالیں حتیٰ کہ اچھی طرح صفائی ہو جائے ۔ یاد رکھیے کہ روزہ کی حالت میں ناک میں زیادہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پانی نہیں ڈالنا چاہیئے۔ کیونکہ اس سے روزے کے ٹوٹنے کا امکان ہے
اچھی طرح ناک صاف کرنے کے بعد تین بار چہرہ دھوئیں۔ چہرے کی
حد پیشانی کے بالوں سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک اور دونوں کانوں
کی کنپٹیوں کا درمیان ہے۔ اس بات کا خیال رہے کہ اتنے حصے میں
کوئی جگہ اور بال بھی خشک نہ رہے۔ اور داڑھی میں خلال کریں پھر
اپنا دایاں اور پھر بایاں ہاتھ کہنی تک تین تین بار دھوئیں اور انگلیوں
کا خلال کریں۔ انگوٹھی پہنی ہو تو اسے ہلالیں تاکہ کوئی جگہ بھی خشک
نہ رہ جائے۔ بعد ازیں سر کا مسح کریں۔ مسح کا ایک طریقہ یہ ہے کہ
دونوں ہاتھوں کو تر کریں اور پھر ساری انگلیوں کو سر کے اگلے حصہ
پر رکھ کر پیچھے گدی تک لے جائیں۔ پھر واپس اسطرح لائیں کہ
انگلیاں سر سے اٹھی ہوئی ہوں اور ہتھیلیاں سر کے نیچے حصہ پر
ہوں پھر دوبارہ ہاتھوں کو تر کرکے انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی کو کان
میں ڈالیں اور انگوٹھے سے کان کے بیرونی حصہ پر مسح کریں۔
مسح کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھوں کو تر کرکے انگوٹھے اور ساتھ
والی انگلیوں کے علاوہ دونوں ہاتھوں کی تینوں انگلیوں کو سر کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتب

www.KitaboSunnat.com

اگلے حصے پر رکھیں اور گدی تک لے جائیں۔ واپسی پر انگلیوں کو اٹھا کر ہتھیلیوں کو لگا لیں۔ ہاتھوں کی باقی دونوں انگلیوں سے پہلے کی طرح کریں اس صورت میں ایک ہی دفعہ پانی لیا جائے گا۔ پھر اپنا دایاں پاؤں ٹخنے تک تین بار دھوئیں۔ پھر اپنا بایاں پاؤں ٹخنے تک تین بار دھوئیں۔ انگلیوں کا خلال کریں یعنی پاؤں کی انگلیوں کے درمیانی حصوں کو ہاتھ کی انگلی سے تر کریں اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد مذکورہ بالا دعا پڑھیے۔

ضروری مسائل

- موزے، جرابیں اور پگڑی پر مسح کیا جا سکتا ہے۔ (مشکوٰۃ)
- اعضاء کو ایک ایک اور دو دو دفعہ بھی دھویا جا سکتا ہے لیکن تین دفعہ دھونا افضل ہے۔
- وضو کے حصے زیادہ بھی دھوئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً پاؤں کو گھٹنوں تک دھو لیا جائے۔ (حدیث)
- پانی نہ ہو یا استعمال کرنے کی طاقت نہ ہو یا پانی کو لانے میں خطرۂ جان ہو تو تیمم کر لیں یعنی بِسْمِ اللّٰہ پڑھ کر دونوں ہاتھ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

◉ پاک مٹی پر ماریں، پہلے چہرہ پھر دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے پر ملیں۔

◉ وضو کے بعد دو نفل پڑھنے والے کو آپ نے جنت کی بشارت دی ہے۔ (مسلم)

◉ ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھی جاسکتی ہے (حدیث)

جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

(۱) مذی کا نکلنا (۲) لیٹ کر سونا (۳) گوز مارنا (۴) پیشاب اور پاخانہ کا آنا (۵) بیہوش ہو جانا۔ (۶) استحاضہ کا خون آنا (۷) بے حجاب شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

اقامت اور اسکے ضروری مسائل

اقامت کے الفاظ وہی ہیں جو اذان میں پڑھے جاتے ہیں۔ البتہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ چار دفعہ کی بجائے ۲ دو دفعہ اور باقی کلمے ایک ایک بار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھے جائیں مگر قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کو دو دفعہ کہنا ہوگا۔

ضروری مسائل

۱- اذان کی طرح اقامت کا بھی جواب دینا چاہیے لیکن قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں اَقَامَهَا اللّٰهُ وَ اَدَامَهَا کہیں۔ (ابوداؤد)

۲- اقامت، اذان کی طرح لمبی نہیں بلکہ جلدی جلدی کہنی چاہیئے

۳- جو اذان کہے، اقامت بھی وہی کہے۔ ہاں مؤذن سے اجازت لی جا سکتی ہے۔

۴- بغیر وضو اقامت کہنا مناسب نہیں۔

۵- نماز میں صف بندی لازمی چیز ہے۔ اسکا اہتمام نہ کرنے سے نماز نامکمل رہتی ہے۔

مسنون نماز کی تفصیل

تکبیر اولیٰ قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز کی نیت کریں یعنی دل و دماغ کو اس کام کے لئے تیار کریں کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں اور مقصود اللہ تعالیٰ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی کو راضی کرنا ہے۔ واضح رہے کہ حدیث میں ایسے کوئی الفاظ نہیں آئے جو نیت کرتے ہوئے زبان سے ادا کیے جائیں۔ پس نیت کا تعلق دل سے ہے نہ کہ زبان سے۔ پھر ہاتھوں کو کانوں کے برابر اس طرح اٹھائیں کہ دونوں ہاتھوں کی انگلیاں قدرے کھلی رہیں۔ اور ہتھیلیاں قبلہ رُخ رہیں۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ کر سینے پر باندھ لیں۔

حدیث:۔ عَنْ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى عَلٰى صَدْرِهٖ۔

ترجمہ: حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالٰے عنہ، فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ پس آپ نے اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر رکھ کر سینے پر باندھے۔ (صحیح ابن خزیمہ)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ کا ارشاد:

وَضْعُ الْيَمِيْنِ عَلَى الشِّمَالِ فَوْقَ السُّرَّةِ یعنی دائیں کو بائیں پر رکھ کر ناف سے اوپر (سینے پر) باندھیں۔ (غنیۃ الطالبین)

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتب

www.KitaboSunnat.com

پھر یہ دُعا پڑھیں۔

(۱) دُعائے افتتاح

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ

اے اللہ! فاصلہ رکھ درمیان میرے اور درمیان

خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ

میرے گناہوں کے جس طرح تو نے فاصلہ رکھا درمیان

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۔ اَللّٰھُمَّ

مشرق اور مغرب کے ۔ اے خداوند!

نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی

پاک کردے مجھ سے میرے گناہ جس طرح پاک کیا جاتا

الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ۔

ہے کپڑا سفید میل سے ۔

اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ

اے رب! دھو ڈال میرے گناہ پانی

وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ (بخاری۔ مسلم)

اور برف اور اولوں سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب

اے خداوند! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دے جتنا مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ ہے۔ یاربؐ! میری غلطیوں کو اس طرح پاک اور صاف فرما دے جس طرح سفید کپڑا میل نکلنے کے بعد صاف اور چمکدار ہو جاتا ہے۔ میری خطاؤں کو (اپنی بخشش اور رحمت کے) پانی، برف اور اولوں سے مٹا دے۔

(۲)

سُبْحٰنَكَ	اللّٰهُمَّ	وَبِحَمْدِكَ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور تعریف کا تو ہی مستحق ہے
وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰى
اور برکت والا ہے	نام تیرا	اور بلند ہے
جَدُّكَ	وَلَا اِلٰهَ	غَيْرُكَ (مسلم)
شان تیری	اور نہیں کوئی معبود	سوائے تیرے۔ ترمذی

نوٹ: حدیث شریف میں اور دُعائیں بھی ہیں۔ لیکن ہم طوالت کے خوف سے اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ پھر یہ پڑھیں:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط
میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے شیطان مردود سے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
(ابتداء ہے) ساتھ نام اللہ کے (جو) بخشش کرنیوالا مہربان ہے۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥
سب تعریفیں واسطے اللہ کے جو پالنے والا ہے سب جہانوں کو
اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ مٰلِكِ
(جو) بخشش کرنیوالا مہربان ہے۔ مالک ہے
يَوْمِ الدِّيْنِ ٥ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
دن قیامت کا خاص تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ اِهْدِنَا
اور خاص تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں۔ تو چلا ہمیں
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ٥ صِرَاطَ
راستے سیدھے پر۔ راستہ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ٥
ان لوگوں کا انعام کیا تونے جن پر۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ	عَلَيْهِمْ	الْمَغْضُوْبِ	غَيْرِ
اور	اُن پر	غصہ ہوا	نہیں

آمِیْنَ کہیں۔	پھر	الضَّآلِّیْنَ ○	لَا
قبول فرما (بخاری شریف)		وہ گمراہ ہیں۔	نہ

مطلب

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ہی ہیں جو سب جہانوں کو پالنے والا بخشش کرنے والا، مہربان ہے۔ قیامت کے دن (بھی) اسی کی ہی بادشاہی ہوگی (اے خدا تیری اس عظمت و شان کی وجہ سے) ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے ہی (مصیبتوں میں) مدد مانگتے ہیں اے اللہ تو ہمیں ان لوگوں کے سیدھے راستے پر چلا۔ جس پر تیرا انعام ہی انعام ہوا ہے اور نہ تیرا غضب ہوا اور نہ ہی وہ گمراہ ہوئے۔ (آمین) اللہ ہماری اس دُعا کو قبول فرما۔

سُورۃ فاتحہ اور اُس کی اہمیّت

سورۃ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی اگرچہ آپ امام کے پیچھے ہوں۔ امام

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب پڑھے تو اس کے وقفوں کے دوران اُنہی کلمات کو دہراتے جائیں اور یاد رکھیں کہ صرف سورۃ فاتحہ ہی امام کے پیچھے پڑھیں اور پھر خاموشی سے قرآن سُنیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی طرح ہی فرمایا ہے۔ چنانچہ ہم اختصار کیوجہ سے دو احادیث بیان کرنے پر ہی اکتفا کریں گے۔

حدیث ۱: وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِؓ قَالَ كُنَّا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَقَرَءَ فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ لَعَلَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ خَلْفَ إِمَامِكُمْ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَفْعَلُوْا إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَإِنَّهٗ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّمْ يَقْرَأْ بِهَا رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ (وَالْبُخَارِيُّ فِيْ كِتَابِهٖ "جُزْءُ الْقِرَاءَةِ")

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے صبح کی نماز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پڑھی قراۃ پڑھنا آپ پر مشکل ہوگیا۔ آپ نماز سے فارغ ہوئے تو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحابہ سے پوچھا کہ تم اپنے امام کے پیچھے (یعنی میرے پیچھے) کچھ پڑھتے تھے ؟ ہم نے کہا۔ ہاں ہم پڑھتے تھے ۔ آپؐ نے فرمایا کہ سوائے سورۃ فاتحہ کے کچھ نہ پڑھا کرو۔ کیونکہ اُس کو نہ پڑھنے سے نماز نہیں ہوتی۔ (جزء القراۃ للبخاریؒ ۔ ابوداؤد ۔ ترمذی)

حدیث ۲ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی صَلٰوۃً لَمْ یَقْرَءْ فِیْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَھِیَ خِدَاجٌ ثَلٰثًا غَیْرُ تَمَامٍ فَقِیْلَ لِاَبِیْ هُرَیْرَةَ اِنَّا نَکُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ قَالَ اِقْرَءْ بِهَا فِیْ نَفْسِکَ ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو نماز پڑھے لیکن اس میں سورت فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز نامکمل اور ناقص ہے ۔ حضرت ابوہریرہؓ سے سوال کیا گیا کہ اگر ہم امام کے پیچھے ہوں (اور وہ فاتحہ پڑھ رہا ہو تو) حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ اپنے دل میں پڑھنی چاہیئے (مسلم)

غور فرمائیے پہلی حدیث کو امام بخاریؒ ، ابوداؤدؒ اور ترمذیؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے۔ اور دوسری حدیث کو امام مسلمؒ نے بیان فرمایا ہے (ان سب کی کتابیں سب کے ہاں صحیح ہیں)

حضرت پیر عبدالقادر جیلانیؒ کا فرمان :

فَاِنَّ قِرَاءَ تَهَا فَرِيْضَةٌ وَهِيَ رُكْنٌ تَبْطُلُ الصَّلٰوةُ بِتَرْكِهَا

سورۃ فاتحہ کا پڑھنا فرض ہے اور یہ سورت نماز کا رکن ہے اس کو نہ پڑھنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔ (غنیۃ الطالبین ص ۸۵۲)

مسئلہ آمین

اگر آپ امام کے پیچھے ہوں اور امام سورۃ فاتحہ بلند آواز میں پڑھے تو آمین بھی بلند آواز سے کہنی چاہیئے۔

حدیث :۔ وَعَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَءَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۔ فَقَالَ اٰمِيْنَ مَدَّ بِهَا صَوْتَهٗ ۔

(ترمذی ۔ ابوداؤد ۔ دارمی ۔ ابن ماجہ)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت وائلؓ بن حجر فرماتے ہیں کہ میں نے سُنا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ پھر کہا آمِیْنَ (اور) اس کے ساتھ اپنی آواز بلند کی۔

نیز بخاری شریف میں مذکور ہے کہ آمین کی آواز سے مسجد گونج اُٹھتی تھی۔

حضرت عبدالقادر جیلانیؒ نے فرمایا:

.... وَالْجَهْرُ بِالْقِرَاءَةِ وَآمِیْنَ وَالْاِسْرَارُ بِهِمَا

یعنی امام کے پیچھے اُونچی قرأت میں اُونچی آواز سے آمین کہنا چاہیئے۔ اور دل میں پڑھتے وقت آہستہ کہنا چاہیئے۔ (غنیۃ الطالبین ص۱۰)

سورہ فاتحہ کے بعد جو کچھ قرآن مجید سے یاد ہو وہ پڑھنا چاہیئے ہم ذیل میں چند سورتیں ترجمہ کے ساتھ لکھ دیتے ہیں۔ انہیں اچھی طرح یاد کرلیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورۂ اخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بخشش کرنیوالا مہربان ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ

